أَنْزَلْتَ وَبِنَبِيِّكَ الَّذِيْ أَرْسَلْتَ))"اے اللہ! میں نے اپنی جان کو تیرے تابع کر دیا، اپنا کام تیرے سپرد کیا، اپنا چہرہ تیری طرف متوجہ کیا اور اپنی کمر تیری طرف لگا لی۔ تیری طرف رغبت رکھتے ہوئے اور تجھ سے ڈرتے ہوئے۔ تجھ سے بھاگ کر کوئی جائے پناہ اور کوئی جائے نجات نہیں مگر تیری طرف ہی ہے۔ میں تیری اس کتاب پر جو تو نے نازل کی ہے اور تیرے نبی پر جسے تو نے بھیجا ہے، ایمان لایا۔"

اگر کوئی یہ کلمات پڑھنے کے بعد فوت ہو گیا تو وہ فطرت (دین اسلام) پر فوت ہوا۔"[1]

رات کو پہلو بدلتے وقت کی دعا

((لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ))"اللہ کے سوا

[1] صحيح البخاري: 6313، صحيح مسلم: 6882/2710.

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

کوئی معبود (برحق) نہیں، وہ اکیلا ہے، زبردست (قوت والا) ہے، وہ آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے کا رب ہے، وہ بہت غالب، بہت معاف کرنے والا ہے۔"①

برا خواب دیکھنے والا کیا کرے؟

① "تین بار بائیں جانب تھوک دے۔"②

② "اللہ تعالیٰ سے شیطان اور جو کچھ اس نے (خواب میں) دیکھا ہے، اس کے شر سے پناہ طلب کرے۔"③

③ "کسی کو خواب کے بارے میں نہ بتائے۔"④

④ جس پہلو پر لیٹا ہو، اسے تبدیل کرلے۔"⑤

① صحیح، عمل اليوم والليلة للنسائی: 864، اسے ابن حبان (موارد: 2358) حاکم اور ذہبی (المستدرك: 540/1) نے بھی صحیح قرار دیا ہے۔

② صحیح مسلم: 5897/2261. ③ صحیح مسلم: 5897/2261.

④ صحیح مسلم: 5902/2261. ⑤ صحیح مسلم: 5904/2262.

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

⑤ ''اگر چاہے تو دو رکعتیں نماز ادا کر لے۔''①

قنوت وتر کی دعائیں

① «اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ فِيْمَنْ هَدَيْتَ وَعَافِنِيْ فِيْمَنْ عَافَيْتَ، وَتَوَلَّنِيْ فِيْمَنْ تَوَلَّيْتَ، وَبَارِكْ لِيْ فِيْمَا اَعْطَيْتَ، وَقِنِيْ شَرَّ مَا قَضَيْتَ، فَاِنَّكَ تَقْضِيْ وَلَا يُقْضٰى عَلَيْكَ، اِنَّهٗ لَا يَذِلُّ مَنْ وَّالَيْتَ (وَلَا يَعِزُّ مَنْ عَادَيْتَ) تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ» ''اے اللہ! مجھے ہدایت سے نواز کر ان لوگوں میں شامل فرما جنہیں تو نے ہدایت عطا کی اور مجھے عافیت دے کر ان لوگوں میں شامل کر لے جنہیں تو نے عافیت دی ہے، اور مجھے دوست بنا کر ان لوگوں میں شامل کر لے جنہیں تو نے دوست بنایا ہے اور مجھے برکت دے اس چیز میں جو تو نے مجھے عطا کی ہے اور مجھے اس برائی سے محفوظ رکھ جو تو

① صحيح مسلم: 5905/2262.

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

نے مقدر کر رکھی ہے۔ بلاشبہ تو ہی حکم کرتا ہے اور تجھ پر کسی کا حکم نہیں چلتا۔ تیرا دوست ذلیل نہیں ہو سکتا اور تیرا دشمن عزت نہیں پا سکتا۔ اے ہمارے رب! تو برکت والا اور بلند تر ہے۔"①

② ((اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَبِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنْكَ، لَآ اُحْصِیْ ثَنَآءً عَلَيْكَ اَنْتَ كَمَا اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ))

"اے اللہ! میں تیری خوشنودی کے ذریعے تیرے غصے سے، تیری معافی کے ذریعے تیرے عذاب سے پناہ چاہتا ہوں۔ میں تیری حمد وثنا کو شمار نہیں کر سکتا تو اسی طرح ہے جس طرح تو نے اپنی تعریف کی ہے۔"②

www.KitaboSunnat.com

① صحیح، سنن ابی داود: 1425، سنن الترمذی: 464، سنن النسائی: 1746، السنن الکبریٰ للبیہقی: 209/2. ② سنن ابی داود: 1427 سنن الترمذی: 3566، سنن ابن ماجہ: 1179 و سندہ صحیح.

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

نماز وتر سے سلام پھیرنے کے بعد کے اذکار

«سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوسِ»

''پاک ہے وہ ذات جو بادشاہ ہے، بہت زیادہ پاکیزہ۔''

نبی کریم ﷺ یہ کلمات تین مرتبہ کہتے اور تیسری بار بلند آواز سے اور لمبا کرتے تھے، پھر فرماتے: «رَبُّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوحِ»

''فرشتوں اور روح (جبریل) کا رب۔''[1]

پریشانی اور غم کی دعا

نبی کریم ﷺ درج ذیل دعا اکثر مانگتے تھے:

«اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُبِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَالْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَضَلَعِ الدَّيْنِ

① صحيح، سنن أبي داود: 1430، سنن النسائي: 1733,1700، سنن الدارقطني: 1644.

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ))۔

"اے اللہ! میں غم والم، عاجزی وسستی، کنجوسی و بزدلی، قرض کے بوجھ اور لوگوں کے غالب آنے سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔"①

بے چینی کی دعائیں

① ((لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَظِيْمُ الْحَلِيْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَرَبُّ الْاَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ))

"اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں، وہ عظیم اور بہت بردبار ہے۔ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں، وہ عرش عظیم کا رب ہے۔ اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں، وہ آسمانوں کا رب، زمین کا رب اور عرشِ کریم کا رب ہے۔"②

① صحیح البخاری:6369. ② صحیح البخاری: 6346، صحیح مسلم:6921/2730.

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

② «لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ» ”تیرے سوا کوئی معبود برحق نہیں تو پاک ہے، بلا شبہ میں ہی ظالموں میں سے ہوں۔“ ①

③ «اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّیْ لَآ اُشْرِكُ بِهٖ شَیْئًا» ”اللہ، اللہ ہی میرا رب ہے، میں اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہراتا۔“ ②

دشمن اور حکمران سے ملتے وقت کی دعا

«حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ» ”ہمارے لیے اللہ ہی کافی ہے اور وہ بہت اچھا کارساز ہے۔“ ③

جسے حکمران کے ظلم کا خوف ہو اس کے لیے دعا

① صحیح، سنن الترمذی: 3505، المستدرك للحاكم: 505/1 ② سنن ابی داود: 1525، سنن ابن ماجه: 3882 وسنده حسن. ③ صحیح البخاری: 4564,4563.

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

«اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، كُنْ لِّيْ جَارًا مِّنْ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ وَّاَحْزَابِهٖ مِنْ خَلَآئِقِكَ اَنْ يَّفْرُطَ عَلَيَّ اَحَدٌ مِّنْهُمْ اَوْيَطْغٰى، عَزَّ جَارُكَ وَجَلَّ ثَنَآؤُكَ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ» ''اے اللہ! سات آسمانوں کے رب اور عرش عظیم کے رب تو فلاں بن فلاں اور اس کے گروہوں سے جو تیری مخلوق میں سے ہیں میرے لیے پناہ (مددگار) بن جا، یہ کہ ان میں سے کوئی ایک مجھ پر ظلم وزیادتی کرے، تیری پناہ مضبوط ہے، تیری تعریف بلند ہے اور تیرے سوا کوئی معبود برحق نہیں ہے۔''(1)

دشمن پر بد دعا

«اَللّٰهُمَّ مُنْزِلَ الْكِتَابِ، سَرِيْعَ الْحِسَابِ،

(1) صحيح، الأدب المفرد للبخاري:707.

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

اهْزِمِ الْأَحْزَابَ، اَللّٰهُمَّ اهْزِمْهُمْ وَزَلْزِلْهُمْ))

''اے اللہ! کتاب کو نازل کرنے والے، بہت جلد حساب لینے والے (مخالف) لشکروں کو شکست سے دوچار کر۔ اے اللہ! انہیں شکست دے اور انہیں ہلا کے رکھ دے۔''①

جب کسی سے خطرہ ہو تو کیا کہے؟

((اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْهِمْ بِمَا شِئْتَ))''اے اللہ! جس طرح تو چاہتا ہے مجھے ان سے کافی ہو جا۔''②

جسے ایمان میں شک ہو، وہ کیا کرے؟

① اللہ سے پناہ طلب کرے۔③

① صحیح البخاری: 2933، صحیح مسلم: 4542/1742. ② صحیح مسلم: 7511/300. ③ صحیح البخاری: 3276.

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

② جس چیز میں شک ہو، اس میں غور وفکر چھوڑ دے۔[1]

③ ((اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ)) ''میں اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لایا۔''[2]

④ پھر یہ آیت تلاوت کرے:

﴿ هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴾ ''وہی اول ہے، وہی آخر ہے اور وہی ظاہر ہے، وہی باطن ہے اور وہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے۔''[3]

ادائیگی قرض کی دعا

((اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ)) ''اے اللہ! مجھے اپنے حلال کے ساتھ اپنے حرام کردہ سے کافی ہو جا اور مجھے اپنے فضل کے ساتھ

① صحیح البخاری: 3286، صحیح مسلم: 345/134. ② صحیح مسلم: 343/134. ③ الحدید 3:57، سنن ابی داود: 5110 و سندہ حسن.

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

اپنے سوا سب سے بے نیاز کر دے۔''[1]

نماز یا قرآن پڑھتے ہوئے وسوسہ آنے پر دعا

﴿ أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ﴾

''میں شیطان مردود سے اللہ کی پناہ میں آتا ہوں۔''

پھر بائیں طرف تین دفعہ تھوک دے۔ سیدنا عثمان بن ابی عاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اسی طرح کیا تو اللہ تعالیٰ نے مجھ سے وسوسے کو دور کر دیا۔[2]

جس پر مشکل آپڑے اس کی دعا

((اَللّٰهُمَّ لَا سَهْلَ اِلَّا مَا جَعَلْتَهٗ سَهْلًا وَّاَنْتَ تَجْعَلُ الْحُزْنَ اِذَا شِئْتَ سَهْلًا)) ''اے اللہ کوئی

① سنن الترمذی: 3563، مسند احمد: 1/153 وسندہ حسن.

② صحیح مسلم: 2203/5738.

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

کام آسان نہیں مگر جسے تو آسان بنا دے اور تو جب چاہتا ہے مشکل کو آسان بنا دیتا ہے۔"①

جس سے گناہ سرزد ہو جائے وہ کیا کرے؟

"جس شخص سے گناہ سرزد ہو جائے وہ اچھی طرح وضو کر کے دو رکعت نماز ادا کرے، پھر اللہ تعالیٰ سے بخشش طلب کرے تو اللہ تعالیٰ اسے معاف کر دیتے ہیں۔"②

شیطان اور اس کے وسوسے دور کرنے کی دعا

① "اللہ تعالیٰ سے پناہ طلب کرنا۔"③

① عمل اليوم والليلة لابن السني: 351، ابن حبان: 1974 و سنده حسن.
② سنن ابی داود: 1521 سنن الترمذی: 406، سنن ابن ماجه: 395 و سنده حسن. ③ سنن ابی داود: 775، سنن الترمذی: 242 و سنده حسن، المؤمنون: 79-89.

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

② ''اذان''[1]

③ ''مسنون اذکار اور قرآن مجید کی تلاوت'' نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''اپنے گھروں کو قبرستان نہ بناؤ، بلاشبہ اس گھر سے شیطان بھاگ جاتا ہے جس میں سورۂ بقرہ پڑھی جاتی ہے۔''[2]

④ ''جس شخص نے درج ذیل کلمات سو بار پڑھے، وہ سارا دن شیطان کے شر سے محفوظ رہے گا۔''

《لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ》 ''اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود (برحق) نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لیے بادشاہت ہے اور اسی کے لیے ہر قسم کی تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔''[3]

① صحیح البخاری: 608، صحیح مسلم: 856/389. ② صحیح مسلم: 1824/780. ③ صحیح البخاری: 3293، صحیح مسلم: 6842/2691.

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

ناپسندیدہ واقعہ یا بے بسی کے موقع پر دعا

«قَدَّرَ اللّٰهُ وَمَا شَآءَ فَعَلَ» ”اللہ تعالیٰ نے اسے تقدیر میں لکھا اور اس نے جو چاہا کیا۔“①

بچوں کو کن کلمات کے ساتھ پناہ دی جائے

نبی کریم ﷺ سیدنا حسن اور سیدنا حسین رضی اللہ عنہما کو ان کلمات کے ساتھ پناہ دیتے تھے:

«أُعِيذُكُمَا بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَآمَّةٍ وَّمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَّآمَّةٍ»

”میں تم دونوں کو اللہ تعالیٰ کے کامل کلمات کے ذریعے سے ہر شیطان، زہریلے جانور اور ہر لگنے والی نظر سے (اللہ کی) پناہ میں دیتا ہوں۔“②

① صحیح مسلم: 2664/6774. ② صحیح البخاری: 3371.

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

مریض کی عیادت کے وقت دعا

① «لَا بَأْسَ طَهُوْرٌ إِنْ شَآءَ اللّٰهُ» ''کوئی حرج نہیں، اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا تو یہ (بیماری گناہوں سے) پاک کرنے والی ہے۔''①

② «أَسْأَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَكَ» ''میں اس عظیم رب سے جو عرشِ عظیم کا رب ہے، سوال کرتا ہوں کہ وہ تجھے شفا دے۔'' (سات بار)②

مریض کی تیمارداری کرنے کی فضیلت

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص اپنے مسلمان بھائی کی

① صحيح البخاري: 5656. ② صحيح، سنن أبي داود: 3106، سنن الترمذي: 2083، اسے ابن حبان (714)، حاکم اور ذہبی (343,342/1) نے بھی صحیح قرار دیا ہے۔

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

تیمارداری کے لیے جاتا ہے تو وہ لوٹنے تک جنت کے باغ میں ہے۔''①

اور جب وہ مریض کے پاس بیٹھ جاتا ہے تو اسے رحمت ڈھانپ لیتی ہے۔ اگر صبح کا وقت ہو تو شام تک ستر ہزار فرشتے اس کے لیے دعائے رحمت کرتے رہتے ہیں اور اگر شام کا وقت ہو تو صبح تک ستر ہزار فرشتے اس کے لیے دعائے رحمت کرتے رہتے ہیں۔''②

زندگی سے مایوس مریض کی دعا

① ((اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَارْحَمْنِيْ وَاَلْحِقْنِيْ بِالرَّفِيْقِ

① صحیح مسلم: 6551/2568. ② سنن ابی داود: 3098، اس کے حسن لذاتہ شاہد کے لیے دیکھیے صحیح ابن حبان: 2958. **تنبیه:** بعض نے عبداللہ بن یسار ابو ہمام کو مجہول قرار دے کر اس روایت کو ضعیف کہا ہے، حالانکہ عبداللہ مذکور کو ابن حبان نے ثقہ کہا ہے۔ ضیاء المقدسی، ہیثمی اور بوصیری نے اس کی روایت کو صحیح قرار دیا ہے اور حافظ ابن حجر نے اس کی روایت کے بعد فرمایا: «رجاله الثقات» (مختصر بزار) لہٰذا عبداللہ بن یسار صدوق اور حسن الحدیث راوی ہیں۔

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

الْاَعْلٰی)) ''اے اللہ! مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما اور مجھے رفیق اعلیٰ کے ساتھ ملا دے۔''①

② نبی کریم ﷺ وفات کے وقت اپنے دونوں ہاتھ پانی میں ڈالتے، پھر چہرہ مبارک پر پھیرتے اور فرماتے:

((لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اِنَّ لِلْمَوْتِ سَكَرَاتٍ)) ''اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں ہے۔ بلاشبہ موت کی بہت سی سختیاں ہیں۔''②

قریب الموت کو لا الہ الا اللہ کی تلقین

قریب الموت کو: ((لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ)) ''اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں'' کی تلقین کرنی چاہیے۔③

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس کا آخری کلام: ((لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ))

① صحیح البخاری: 5674، صحیح مسلم: 6293/2444. ② صحیح البخاری: 4449. ③ صحیح مسلم: 2123/916.

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

ہو گا وہ جنت میں جائے گا۔"①

جسے مصیبت پہنچے اس کی دعا

«اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ، اَللّٰهُمَّ اْجُرْنِیْ فِیْ مُصِيْبَتِیْ وَاَخْلِفْ لِیْ خَيْرًا مِّنْهَا»

"بلاشبہ ہم اللہ کے لیے ہیں اور ہم اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔ اے اللہ! مجھے میری مصیبت میں اجر سے نواز اور مجھے اس کا بہترین بدلہ عطا فرما۔"②

نمازِ جنازہ میں میت کے لیے دعائیں

① «اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلَهٗ وَارْحَمْهُ وَعَافِهٖ وَاعْفُ عَنْهُ وَاَكْرِمْ نُزُلَهٗ وَوَسِّعْ مُدْخَلَهٗ وَاغْسِلْهُ بِالْمَاءِ

① سنن أبي داود: 3116 و سنده حسن. ② صحيح مسلم: 918/2126.

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّهِ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْأَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ وَأَبْدِلْهُ دَارًا خَيْرًا مِّنْ دَارِهِ وَأَهْلًا خَيْرًا مِّنْ أَهْلِهِ وَ زَوْجًا خَيْرًا مِّنْ زَوْجِهِ وَأَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ وَأَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ النَّارِ)) ''اے اللہ! اسے بخش دے، اس پر رحم فرما، اسے عافیت دے اور اس سے درگزر فرما۔ اس کی باعزت مہمانی فرما اور اس کے داخل ہونے کی جگہ (قبر کو) وسیع فرما۔ اس (کے گناہوں) کو پانی، برف اور اولوں کے ساتھ دھو دے اور اسے گناہوں سے اس طرح صاف کر دے جس طرح تو نے سفید کپڑا میل کچیل سے صاف کیا ہے۔ اسے اس کے گھر سے بہتر گھر اور اس کے اہل خانہ سے بہتر اہل خانہ اور اس کی بیوی سے بہتر بیوی عطا فرما۔ اسے جنت میں داخل فرما اور عذاب قبر سے محفوظ رکھ اور آگ کے عذاب سے (بھی) بچا۔''[1]

[1] صحیح مسلم: 2232/963.

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

②((اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِحَیِّنَا وَمَیِّتِنَا وَ شَاھِدِنَا وَغَآئِبِنَا وَصَغِیْرِنَا وَکَبِیْرِنَا وَذَکَرِنَا وَاُنْثَانَا، اَللّٰھُمَّ مَنْ اَحْیَیْتَہٗ مِنَّا فَاَحْیِہٖ عَلَی الْاِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّیْتَہٗ مِنَّا فَتَوَفَّہٗ عَلَی الْاِیْمَانِ، اَللّٰھُمَّ لَا تَحْرِمْنَا اَجْرَہٗ وَلَا تُضِلَّنَا بَعْدَہٗ)) ''اے اللہ! ہمارے زندہ اور مردہ، حاضر اور غائب، چھوٹے اور بڑے اور مرد و خواتین (سب کو) بخش دے۔ اے اللہ! ہم میں سے جسے تو زندہ رکھے اسلام پر زندہ رکھ اور ہم میں سے جسے فوت کرے تو ایمان پر فوت کر۔ اے اللہ! ہمیں اس کے اجر سے محروم نہ کر اور اس کے بعد ہمیں گمراہ نہ کر۔''①

① سنن ابن ماجہ: 498، السنن الکبریٰ للبیهقی: 41/4، موطا امام مالک: 228/1 و سندہ صحیح.

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

نماز جنازہ میں بچے کے لیے دعا

سعید بن مسیب رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ میں نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے پیچھے ایک بچے کی نماز جنازہ پڑھی، جس سے ابھی کوئی گناہ نہیں ہوا تھا تو میں نے ان کو یہ الفاظ پڑھتے سنا:

((اَللّٰهُمَّ اَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ)) ''اے اللہ! اسے عذاب قبر سے محفوظ فرما۔''[1]

تعزیت کی دعا

((اِنَّ لِلّٰهِ مَآ اَخَذَ وَلَهٗ مَآ اَعْطٰی وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِاَجَلٍ مُّسَمًّى فَلْتَصْبِرْ وَلْتَحْتَسِبْ))

''بلاشبہ اللہ ہی کے لیے ہے جو اس نے لیا اور اسی کا ہے جو اس نے عطا کیا اور ہر چیز اس کے پاس مقررہ وقت کے ساتھ ہے۔ پس

[1] موطا امام مالك: 228/1 و سنده صحيح.

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

تمہیں صبر کرنا چاہیے اور اجر و ثواب کی امید رکھنی چاہیے۔" ①

میت کو قبر میں اتارتے وقت کی دعا

((بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰى سُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ)) "اللہ کے نام سے اور رسول اللہ (ﷺ) کی سنت پر۔" ②

قبروں کی زیارت کی دعا

((اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ، وَاِنَّا اِنْ شَآءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَلَاحِقُوْنَ (وَيَرْحَمُ اللّٰهُ الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنَّا وَالْمُسْتَاْخِرِيْنَ) اَسْاَلُ اللّٰهَ لَنَا وَلَكُمُ الْعَافِيَةَ)) "اے ان گھروں میں رہنے والے مومنو اور مسلمانو! تم پر سلام ہو۔ یقیناً اگر اللہ نے چاہا تو

① صحيح البخاري: 3777، صحيح مسلم: 2135/923. ② سنن ابي داود: 3213 و سنده صحيح.

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

ہم بھی تم سے ملنے والے ہیں۔ہم میں سے پہلو اور ہم میں سے بعد والوں پر اللہ رحم فرمائے۔میں اللہ تعالیٰ سے اپنے لیے اور تمہارے لیے عافیت کا طلب گار ہوں۔"①

ہوا (آندھی) چلتے وقت کی دعا

((اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ خَيْرَهَا وَخَيْرَ مَا فِيْهَا وَخَيْرَ مَآ اُرْسِلَتْ بِهٖ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا فِيْهَا وَشَرِّ مَآ اُرْسِلَتْ بِهٖ))"اے اللہ!میں تجھ سے اس کی بھلائی کا اور جو کچھ اس میں ہے، اس کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں اور اس چیز کی بھلائی کا بھی جس کے ساتھ یہ بھیجی گئی ہے اور میں تجھ سے اس کے شر اور جو اس میں ہے اس کے شر سے اور جس چیز کے ساتھ یہ بھیجی گئی ہے کے شر سے تیری پناہ میں آتا

① صحیح مسلم: 2257,2256,2255/975,974، سنن ابن ماجہ: 1547.

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

ہوں۔"①

بارش کی دعا

«اَللّٰھُمَّ اَغِثْنَا ، اَللّٰھُمَّ اَغِثْنَا ، اَللّٰھُمَّ اَغِثْنَا»

"اے اللہ! ہم پر بارش برسا، اے اللہ! ہم پر بارش برسا، اے اللہ! ہم پر بارش برسا۔"②

بارش اترتے وقت کی دعا

«اَللّٰھُمَّ صَیِّبًا نَّافِعًا» "اے اللہ! اس بارش کو مفید بنا دے۔"③

① صحیح مسلم: 2085/899. ② صحیح البخاری: 1021,1014، صحیح مسلم: 2078/89. ③ صحیح البخاری: 1032.

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

بارش اترنے کے بعد ذکر

((مُطِرْنَا بِفَضْلِ اللّٰهِ وَرَحْمَتِهٖ)) ”ہمیں اللہ کے فضل اور اس کی رحمت کے ساتھ بارش دی گئی۔“ ①

روزہ افطار کرتے وقت کی دعا

((ذَهَبَ الظَّمَأُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ وَثَبَتَ الْأَجْرُ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ)) ”پیاس چلی گئی، رگیں تر ہوگئیں اور ان شاء اللہ اجر ثابت ہوگیا۔“ ②

کھانا کھانے سے پہلے کی دعا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”جب تم میں سے کوئی کھانا کھائے تو

① صحيح البخاري: 846، صحيح مسلم: 71/231. ② سنن ابي داود: 2357، عمل اليوم والليلة للنسائي: 299 وسنده حسن.

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

(پہلے) ((بِسْمِ اللّٰہِ)) ''اللہ کے نام کے ساتھ۔'' پڑھ لے اور اگر شروع میں بھول جائے تو پھر یہ پڑھے:

((بِسْمِ اللّٰہِ فِیْ اَوَّلِہٖ وَاٰخِرِہٖ))''اللہ کے نام سے، اس کے شروع اور اس کے آخر میں۔''[1]

کھانا کھانے سے فارغ ہونے پر دعا

((اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنِیْ ھٰذَا وَ رَزَقَنِیْہِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّۃٍ))''تمام تعریفیں اس اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھے یہ کھانا کھلایا اور میری قوت وطاقت کے بغیر یہ عطا کیا۔''[2]

[1] سنن الترمذی: 1857 وسندہ حسن. **تنبیہ:** ام کلثوم حسن الحدیث راویہ ہیں، انھیں ابن حبان نے ثقہ کہا ہے اور امام ترمذی نے ان کی حدیث کو ''حسن صحیح'' قرار دیا ہے۔ [2] سنن ابی داود: 4023 سنن الترمذی: 3458 یہ حدیث حسن ہے۔

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

کھانا کھلانے والے کے لیے مہمان کی دعا

«اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَھُمْ فِیْمَا رَزَقْتَھُمْ وَاغْفِرْلَھُمْ وَارْحَمْھُمْ» "اے اللہ! جو تو نے انہیں رزق عطا کیا ہے اس میں برکت فرما اور انہیں بخش دے اور ان پر رحم فرما۔"①

کسی کے گھر روزہ افطار کرے تو ان کے لیے دعا

«اَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّآئِمُوْنَ وَاَكَلَ طَعَامَكُمُ الْاَبْرَارُ وَصَلَّتْ عَلَیْكُمُ الْمَلَآئِكَةُ» "تمہارے ہاں روزے دار افطاری کرتے رہیں اور تمہارا کھانا نیک لوگ کھائیں اور فرشتے تمہارے لیے دعائے رحمت کریں۔"②

① صحیح مسلم: 5328/2042. ② سنن ابی داود: 3853 و سندہ حسن.

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

پہلا پھل دیکھنے کی دعا

«اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْ ثَمَرِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِيْ مَدِيْنَتِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِيْ صَاعِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِيْ مُدِّنَا» ''اے اللہ! ہمارے لیے ہمارے پھل میں برکت عطا فرما اور ہمارے لیے ہمارے شہر میں برکت عطا فرما، ہمارے لیے ہمارے صاع میں برکت فرما اور ہمارے لیے ہمارے مد میں برکت عطا کر۔''[1]

چھینک کی دعائیں

نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے تو وہ یہ پڑھے: «اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ» ''تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں۔'' یہ کلمات سننے والا جواب میں کہے: «يَرْحَمُكَ اللّٰهُ» ''اللہ تجھ پر رحم فرمائے۔'' پھر چھینکنے والا یہ پڑھے:

[1] صحیح مسلم: 3334/1373.

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

«يَهْدِيكُمُ اللهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ»" اللہ تمہیں ہدایت دے اور تمہاری حالت درست فرمائے۔"①

اگر کافر چھینکنے کے بعد: «اَلْحَمْدُ لِلهِ» کہے تو اسے یہ کلمات کہے:

«يَهْدِيكُمُ اللهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ»" اللہ تمہیں ہدایت دے اور تمہاری حالت درست فرمائے۔"②

شادی کرنے والے کے لیے دُعا

«بَارَكَ اللهُ لَكَ وَ بَارَكَ عَلَيْكَ وَ جَمَعَ بَيْنَكُمَا فِيْ خَيْرٍ»" اللہ تجھے برکت عطا فرمائے اور تجھ پر برکت نازل فرمائے اور تم دونوں کو بھلائی پر اکٹھا کرے۔"③

① صحيح البخاري: 6224. ② سنن ابى داود: 5038، سنن الترمذي: 2739 و سنده صحيح. ③ سنن ابى داود: 2130، سنن الترمذي: 1091، سنن ابن ماجه: 1905، وسنده صحيح.

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

شادی کرنے والے اور سواری خرید نے والے کی دُعا

نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی شادی کرے یا خادمہ (لونڈی) خریدے تو اسے یہ دعا پڑھنی چاہیے۔

((اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ خَیْرَھَا وَخَیْرَ مَا جَبَلْتَھَا عَلَیْهِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّھَا وَشَرِّ مَا جَبَلْتَھَا عَلَیْهِ))

''اے اللہ! میں تجھ سے اس کی بھلائی کا اور اس چیز کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں جس پر تو نے اسے پیدا کیا ہے۔ میں اس کے شر سے اور اس چیز کے شر سے تیری پناہ میں آتا ہوں جس پر تو نے اسے پیدا کیا ہے۔''(1)

(1) حسن، سنن ابی داود: 2160، سنن ابن ماجہ: 1918، اسے حاکم (186,185/2) اور ذہبی نے صحیح قرار دیا ہے۔

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

بیوی سے ہم بستری سے پہلے کی دُعا

((بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا)) ''اللہ کے نام کے ساتھ، اے اللہ! ہمیں شیطان سے محفوظ فرما اور جو تو ہمیں (اولاد) عطا کرے اسے بھی شیطان سے محفوظ رکھ۔''①

غصے کے وقت کی دُعا

((اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ)) ''میں اللہ کی پناہ میں آتا ہوں شیطان مردود سے۔''②

① صحيح البخاری: 6388، صحيح مسلم: 1434 (3533)، ② صحيح البخاری: 6115، صحيح مسلم: 2610 (6646).

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

مصیبت زدہ کو دیکھ کر دعا

((اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی كَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا))[1] ”تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھے اس (مصیبت) سے عافیت میں رکھا جس میں تجھے مبتلا کیا ہے اور اس نے مجھے اپنی بہت زیادہ مخلوق پر فضیلت عطا کی ہے۔“[1]

مجلس میں کیا کہا جائے؟

سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک ہی مجلس میں اسے برخاست کرنے سے پہلے تک یہ کلمات سو مرتبہ شمار کیے جاتے تھے:

((رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ

[1] سنن الترمذی: 3431، مسند البزار (البحر الزخار: 5838) وسندہ حسن۔

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

الْغَفُوْرُ)) ''اے میرے رب! مجھے بخش دے اور میری توبہ قبول فرما، بلاشبہ تو بہت توبہ قبول کرنے والا اور بخشنے والا ہے۔''①

کفارہ مجلس کی دُعا

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی مجلس میں بیٹھتے یا قرآن مجید کی تلاوت فرماتے یا نماز پڑھتے تو ان کلمات کے ساتھ اختتام کرتے:

((سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ)) ''اے اللہ! تو اپنی تعریف کے ساتھ پاک ہے۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود برحق نہیں۔ میں تجھ سے مغفرت طلب کرتا ہوں اور

① صحیح، سنن ابی داود: 1516، سنن الترمذی: 3434 واللفظ لہ، سنن ابن ماجہ: 3814، اسے ابن حبان (2459) نے بھی صحیح کہا ہے۔

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

تیری ہی طرف رجوع (توبہ) کرتا ہوں۔“ ①

جو کہے اللہ تجھے بخش دے اس کے لیے دُعا

((وَلَكَ)) ”اور تیرے لیے (بھی اللہ کی بخشش ہو)“ ②

وہ ذکر جس سے اللہ دجال سے محفوظ رکھے گا

نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ”جس نے سورۂ کہف کی پہلی دس آیات (زبانی) یاد کرلیں وہ (فتنۂ) دجال سے محفوظ کردیا گیا۔“ ③

ہر نماز کے آخری تشہد میں اللہ تعالیٰ سے دجال کے فتنے سے پناہ طلب کرنا بھی اس سے تحفظ کا باعث ہے۔ ④

① حسن، سنن ابی داود: 4859 ، سنن الترمذی : 3433، عمل الیوم واللیلة للنسائی : 308 ، المستدرک للحاکم1/537. ② صحیح، عمل الیوم واللیلة للنسائی :421 مسند احمد: 82/5. ③ صحیح مسلم: 809 (1883). ④ صحیح البخاری : 832، صحیح مسلم: 588 (1324).

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

جو شخص یہ کہے: میں تم سے اللہ کیلئے محبت کرتا ہوں اس کے لیے دُعا

((اَحَبَّكَ الَّذِیْ اَحْبَبْتَنِیْ لَهٗ)) "جس کی خاطر تو نے مجھ سے محبت کی وہ (اللہ) بھی تجھ سے محبت کرے۔"①

جو شخص تمہیں اپنا مال پیش کرے اس کیلئے دُعا

((بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِیْ اَهْلِكَ وَمَالِكَ)) "اللہ تیرے لیے، تیرے اہل وعیال اور تیرے مال میں برکت عطا کرے۔"②

قرض کی ادائیگی کے وقت قرض دینے والے کیلئے دُعا

((بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِیْ اَهْلِكَ وَمَالِكَ اِنَّمَا جَزَآءُ

① سنن ابی داود: 5125، مسند احمد 3/150، وسندہ حسن۔
② صحیح البخاری: 2049.

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

السَّلَفِ الْحَمْدُ وَالْاَدَاءُ)) ''اللہ تیرے لیے تیرے اہل و عیال اور مال میں برکت عطا فرمائے۔ بلاشبہ قرض کا بدلہ تو صرف شکریہ اور ادائیگی ہی ہے۔''①

سوار ہوتے وقت کی دُعائیں

①((بِسْمِ اللّٰهِ ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ، سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَلَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ ۝ وَاِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ)) ''اللہ کے نام کے ساتھ، ہر قسم کی تعریف اللہ کے لیے ہے، پاک ہے وہ ذات جس نے اسے ہمارے لیے مسخر کر دیا ہے (جبکہ) ہم اس پر قابو پانے والے نہ تھے اور یقیناً ہم اپنے رب کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔''

②((اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ، اَللّٰهُ

① سنن ابن ماجه: 2424 سنده حسن.

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

اَكْبَرُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ، سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ)) ''تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں، تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں، تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں۔ اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے۔ اے اللہ! تو پاک ہے۔ بلاشبہ میں نے اپنی جان پر ظلم کیا، پس مجھے معاف فرما دے کیونکہ تیرے سوا کوئی گناہوں کو بخش نہیں سکتا۔''[1]

سفر کی دعا

((اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ، سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَلَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ ۙ وَاِنَّآ اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ۙ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ فِیْ سَفَرِنَا هٰذَا

① صحيح، سنن ابی داود: 2602، سنن الترمذی: 3446، اسے ابن حبان (2380)، حاکم (99,98/2) اور ذہبی نے صحیح قرار دیا ہے۔

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

الْبِرَّ وَالتَّقْوٰى وَمِنَ الْعَمَلِ مَا تَرْضٰى، اَللّٰهُمَّ هَوِّنْ عَلَيْنَا سَفَرَنَا هٰذَا وَاطْوِعَنَّا بُعْدَهٗ، اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ وَالْخَلِيْفَةُ فِي الْاَهْلِ، اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ وَّعْثَاءِ السَّفَرِ وَكَآبَةِ الْمَنْظَرِ وَسُوْٓءِ الْمُنْقَلَبِ فِي الْمَالِ وَالْاَهْلِ))

"اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے۔ پاک ہے وہ ذات جس نے اسے ہمارے لیے مسخر کر دیا (جبکہ) ہم اس پر قابو پانے والے نہ تھے اور یقیناً ہم اپنے رب کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔ اے اللہ! ہم تجھ سے اپنے اس سفر میں نیکی اور تقویٰ اور ایسے عمل کا سوال کرتے ہیں جس سے تُو راضی ہوتا ہے۔ اے اللہ! ہمارے لیے ہمارا یہ سفر آسان بنا دے اور اس کی لمبی مسافت کم کر دے۔ اے اللہ! تو سفر میں (ہمارا) ساتھی اور اہل و عیال میں (ہمارا) جانشین ہے۔ اے اللہ! میں تجھ سے سفر کی مشقت، پریشان کن منظر، مال اور اہل و عیال میں بری تبدیلی

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔"

رسول اللہ ﷺ جب سفر سے واپس تشریف لاتے تو یہی کلمات کہتے اور درج ذیل الفاظ کا اضافہ کرتے:

《 آيِبُونَ، تَآئِبُونَ، عَابِدُونَ لِرَبِّنَا حَامِدُونَ 》

"(ہم) واپس لوٹنے والے ہیں، توبہ کرنے والے ہیں، عبادت کرنے والے ہیں، اپنے رب کی تعریف کرنے والے ہیں۔" ①

بستی یا شہر میں داخل ہونے کی دعا

《 اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَمَا اَظْلَلْنَ وَرَبَّ الْاَرْضِيْنَ السَّبْعِ وَمَا اَقْلَلْنَ وَرَبَّ الشَّيَاطِيْنِ وَمَا اَضْلَلْنَ وَرَبَّ الرِّيَاحِ وَمَا ذَرَيْنَ اَسْئَلُكَ خَيْرَ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ وَخَيْرَ اَهْلِهَا وَخَيْرَ مَا فِيْهَا وَاَعُوْذُ بِكَ

① صحیح مسلم: 1342(3275).

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

مِنْ شَرِّهَا وَ شَرِّ اَهْلِهَا وَشَرِّ مَا فِيْهَا)) ''اے اللہ! ساتوں آسمانوں اور جن پر ان کا سایہ ہے کے رب! ساتوں زمینوں اور جن چیزوں کو انھوں نے اٹھا رکھا ہے کے رب! شیاطین اور جنھیں وہ گمراہ کرتے ہیں کے رب! میں تجھ سے اس بستی کی بھلائی اور اس میں رہنے والوں کی بھلائی اور جو اس میں ہے ان کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں اور میں اس (بستی) کے شر سے اور اس میں رہنے والوں کے شر سے اور ان چیزوں کے شر سے جو اس میں ہیں تیری پناہ طلب کرتا ہوں''①

www.KitaboSunnat.com

سواری کے پھسلنے کی دُعا

((بِسْمِ اللّٰهِ)) ''اللہ کے نام کے ساتھ''②

① حسن، عمل اليوم والليلة للنسائي: 543، مشكل الآثار للطحاوي 415/3. ② سنن أبي داود: 4982، عمل اليوم والليلة للنسائي: 554 وسنده صحيح.

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

مسافر کی مقیم کے لیے دُعا

((أَسْتَوْدِعُكُمُ اللّٰهَ الَّذِي لَا تَضِيعُ وَدَائِعُهُ)) ''میں تمھیں اللہ کے سپرد کرتا ہوں، جس کے سپرد کی ہوئی چیز ضائع نہیں ہوتی۔''①

مقیم کی مسافر کے لیے دُعا

((أَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ دِينَكَ وَأَمَانَتَكَ وَ خَوَاتِيمَ عَمَلِكَ)) ''میں تیرا دین، تیری امانت اور تیرا خاتمہ اعمال اللہ تعالیٰ کے سپرد کرتا ہوں۔''②

سفر کے دوران میں تسبیح وتکبیر

سیدنا جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''جب ہم اونچی جگہ چڑھتے تو

① صحیح، سنن ابن ماجه: 2825، مسند أحمد: 358,40332.

② حسن، سنن الترمذي: 3442، سنن ابن ماجه: 2826.

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

((اَللّٰهُ اَكْبَرُ)) کہتے اور جب نیچے اترتے تو((سُبْحَانَ اللّٰهِ)) کہتے۔"①

مسافر جب صبح کرے تو اس کی دُعا

((سَمِعَ سَامِعٌ بِحَمْدِ اللّٰهِ وَحُسْنِ بَلَآئِهٖ عَلَيْنَا رَبَّنَا صَاحِبْنَا وَاَفْضِلْ عَلَيْنَا عَآئِذًا بِاللّٰهِ مِنَ النَّارِ)) "سننے والے نے اللہ تعالیٰ کی تعریف کو سنا اور ہم پر جو اس کے اچھے انعامات ہیں۔ اے ہمارے رب! ہمارا ساتھی بن جا اور ہم پر اپنا فضل کر۔ آگ سے اللہ تعالیٰ کی پناہ طلب کرتے ہوئے (ہم یہ سوال کر رہے ہیں۔)②

سفر میں یا سفر کے بغیر کسی جگہ ٹھہرے

((اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ))

① صحیح البخاری: 2993. ② صحیح مسلم: 2718(6900).

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

”میں اللہ تعالیٰ کے کامل کلمات کے ساتھ اس کی مخلوق کے شر سے پناہ چاہتا ہوں۔“[1]

سفر سے واپسی کی دعا

رسول اللہ ﷺ جب کسی جنگ یا حج سے واپس آتے تو ہر بلند جگہ پر تین مرتبہ ((اَللّٰهُ اَكْبَرُ)) کہتے، پھر فرماتے:

((لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اٰيِبُوْنَ، تَآئِبُوْنَ، عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ، صَدَقَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ))

”اللہ کے سوا کوئی الٰہ نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کی بادشاہت ہے، اسی کے لیے تمام تعریفیں ہیں اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ ہم لوٹنے والے ہیں، توبہ کرنے والے ہیں، عبادت کرنے

[1] صحیح مسلم: 2708 (6878).

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

والے ہیں اور اپنے رب کی تعریف کرنے والے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنا وعدہ سچ (پورا) کر دیا اور اس نے اپنے بندے کی مدد کی، اور اس نے اکیلے ہی لشکروں کو شکست و ہزیمت سے دوچار کر دیا۔''[1]

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام پڑھنے کی فضیلت

① رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس شخص نے مجھ پر ایک بار درود پڑھا، اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں نازل فرمائے گا۔''[2]

② آپ نے فرمایا: ''میری قبر کو میلہ گاہ نہ بنانا اور مجھ پر درود بھیجو، بلاشبہ تم جہاں بھی ہو گے تمھارا درود مجھ تک پہنچ جائے گا۔''[3]

③ نیز فرمایا: ''وہ شخص بخیل ہے جس کے پاس میرا ذکر ہو اور مجھ پر درود نہ پڑھے۔''[4]

① صحیح البخاری: 6385، صحیح مسلم: 1344 (3278).
② صحیح مسلم: 408 (912). ③ سنن أبی داود: 2042 و سندہ حسن
④ [illegible] 3546 و سندہ حسن.

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

④ اور آپ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ کے کچھ فرشتے زمین میں چلتے پھرتے رہتے ہیں، وہ میری امت کا (درود) سلام مجھ تک پہنچاتے ہیں۔''①

سلام کا پھیلانا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''تم جنت میں داخل نہیں ہو سکتے حتیٰ کہ ایمان لے آؤ اور تم مومن نہیں ہو سکتے، یہاں تک کہ آپس میں محبت کرو۔ کیا میں تمھیں ایسی چیز کے بارے میں نہ بتاؤں کہ جس سے تم آپس میں محبت کرنے لگ جاؤ؟ آپس میں سلام عام کرو۔''②

کافر اگر سلام کہے تو اسے جواب کیسے دے؟

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب اہل کتاب تمھیں سلام کہیں تو

① حسن، سنن النسائی: 1283، المستدرک للحاکم: 421/2۔ ② صحیح مسلم: 54۔

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

انھیں جواب میں ((وَعَلَيْكُمْ)) کہو۔"①

مرغ بولنے اور گدھا رینکنے کے وقت کی دُعا

نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "جب تم مرغ کی آواز سنو تو اللہ تعالیٰ سے اس کے فضل کو طلب کرو۔"

((اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ))" اے اللہ ! میں تجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں۔"

کیونکہ اس نے فرشتے کو دیکھا ہے۔

اور جب تم گدھے کی آواز سنو تو کہو:

((اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ))" میں اللہ تعالیٰ کی پناہ میں آتا ہوں شیطان مردود سے۔"

کیونکہ اس نے شیطان کو دیکھا ہے۔②

① صحیح البخاری، 6258، صحیح مسلم، 2163 (5652)۔ ② صحیح البخاری، 3303، صحیح مسلم، 2729 (6920)۔

www.KitaboSunnat.com

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

رات کو کتے بھونکتے وقت کی دُعا

نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''جب تم رات کو کتوں کے بھونکنے اور گدھے کے رینکنے کی آواز سنو تو ان سے اللہ تعالیٰ کی پناہ طلب کرو کیونکہ وہ ایسی چیزیں دیکھتے ہیں جو تم نہیں دیکھ سکتے۔''[1]

حج یا عمرہ کا احرام باندھنے والا تلبیہ کیسے کہے؟

((لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ، إِنَّ الْحَمْدَ، وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ، لَا شَرِيْكَ لَكَ)) ''میں حاضر ہوں، اے اللہ! میں حاضر ہوں، میں حاضر ہوں، تیرا کوئی شریک نہیں، میں حاضر ہوں۔ بلاشبہ ہر قسم کی تعریف اور نعمت تیرے ہی لیے ہے اور تیری ہی بادشاہت ہے، تیرا کوئی

[1] سنن أبي داود: 5103 وسنده حسن، اسے ابن خزیمہ (2559) اور ابن حبان (1996) نے صحیح قرار دیا ہے۔

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

شریک نہیں۔‘‘ ①

جب حجرِ اسود کے پاس آئے تو تکبیر کہے

نبی کریم ﷺ نے اونٹ پر بیت اللہ کا طواف کیا، آپ جب بھی حجرِ اسود کے پاس آتے...... تو کسی چیز (چھڑی وغیرہ) سے اس کی طرف اشارہ کرتے اور فرماتے: ((اَللّٰہُ اَکْبَرُ)) ②

رکن یمانی اور حجرِ اسود کے درمیان دُعا

رسول اللہ ﷺ رکن یمانی اور حجرِ اسود کے درمیان یہ دُعا پڑھتے تھے:

﴿رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ﴾ ’’اے ہمارے رب! ہمیں دنیا میں

① صحیح البخاری: 1549، صحیح مسلم: 1184 (2811) ② صحیح البخاری: 1613

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

بھلائی عطا کر اور آخرت میں بھی بھلائی عطا فرما اور ہمیں آگ کے عذاب سے محفوظ رکھ۔"①

صفا اور مروہ پر ٹھہرنے کی دُعا

نبی کریم ﷺ جب صفا پہاڑی کے پاس آئے تو یہ پڑھا:

﴿ اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ ﴾ ((اَبْدَأُ بِمَا بَدَأَ اللّٰهُ بِهٖ)) "بلاشبہ صفا اور مروہ اللہ کے شعائر میں سے ہیں۔ میں اس سے شروع کر رہا ہوں جس سے اللہ نے شروع کیا۔"

پھر آپ ﷺ اس (صفا پہاڑی) پر چڑھے حتیٰ کہ بیت اللہ کو دیکھا، پھر قبلہ رُخ ہو کر اللہ کی توحید کا اقرار کیا اور اللہ تعالیٰ کی کبریائی بیان کی اور فرمایا: ((لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ))

① سنن ابی داود: 1892 وسندہ حسن، اسے ابن خزیمہ (2721) اور ابن حبان (1001) نے صحیح قرار دیا ہے۔

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

"اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کی بادشاہت ہے، اسی کیلئے تمام تعریفیں ہیں اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی الٰہ نہیں، وہ اکیلا ہے، اس نے اپنا وعدہ سچ کر دیا اور اپنے بندے کی مدد فرمائی، اس اکیلے نے تمام (دشمن) لشکروں کو شکست دے دی۔"

پھر آپ ﷺ اس دوران میں دعا کرتے رہے، اس طرح آپ تین بار کہتے۔ حدیث میں ہے کہ جس طرح آپ نے صفا پر کیا، اسی طرح آپ نے مروہ پر بھی کیا۔ (1)

مشعرِ حرام کے قریب ذکر

نبی کریم ﷺ اپنی اونٹنی پر سوار ہو کر جب مشعرِ حرام کے پاس پہنچے تو قبلہ رو ہو کر اللہ تعالیٰ سے دعا کی، پھر ((اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ)) اور اللہ کی توحید پر مبنی کلمات کہتے رہے۔ نبی ﷺ اسی

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

جگہ ٹھہرے رہے حتیٰ کہ خوب روشنی ہو گئی، البتہ سورج طلوع ہونے سے پہلے ہی وہاں سے چل پڑے۔ ①

رمی جمار کرتے ہوئے ہر کنکری کے ساتھ تکبیر

نبی کریم ﷺ نے تینوں جمرات کو رمی کرتے ہوئے ہر کنکری کے ساتھ «اَللّٰهُ اَكْبَرُ» کہا۔ پھر ذرا آگے بڑھے، پہلے اور دوسرے جمرہ کو رمی کرنے کے بعد قبلہ رو ہو کر دونوں ہاتھ اٹھائے اور اللہ تعالیٰ سے دُعا کی۔ جمرہ عقبہ کو آپ نے رمی کی، ہر کنکری کے ساتھ «اَللّٰهُ اَكْبَرُ» کہا، پھر آپ وہاں سے ہٹ گئے، اس کے پاس رکے نہیں۔ ②

① صحیح مسلم: 1218 (2950) ② صحیح البخاری: 1753۔

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

تعجب اور خوشی کن کام کی دعا

((سُبْحَانَ اللهِ)) ''اللہ پاک ہے''[1]

((اَللهُ اَكْبَرُ)) ''اللہ سب سے بڑا ہے۔''[2]

اپنے جسم میں تکلیف محسوس کرنے والا کیا کرے اور کیا کہے؟

نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''جس شخص کو جسم کے کسی حصے میں تکلیف ہو تو وہ اپنا ہاتھ اس (درد والی) جگہ پر رکھ کر یہ پڑھے:

((بِسْمِ اللهِ)) ''اللہ کے نام کے ساتھ۔''

پھر سات بار یہ پڑھے:

((اَعُوْذُ بِاللهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ))

① صحيح البخاري: 115، صحيح مسلم: 2888(6835). ② صحيح البخاري: 610، صحيح مسلم: 222(532).

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

''میں اللہ تعالیٰ اور اس کی قدرت کی پناہ میں آتا ہوں، اس چیز کے شر سے جو میں محسوس کر رہا ہوں اور جس کا مجھے خوف ہے۔''①

اپنی نظر لگنے کا ڈر ہو تو کیا کرے؟

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی اپنے بھائی یا خود اپنی ذات یا اپنے مال میں خوش کن چیز دیکھے تو اسے برکت کی دعا کرنی چاہیے کیونکہ نظر کا لگ جانا حق ہے۔''②

گھبراہٹ کے وقت کیا کہے؟

((لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ)) ''اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں۔''③

جانور کو ذبح اور اونٹ کو نحر کرتے وقت کیا کہے؟

① صحیح مسلم: 2202 (5737). ② سنن ابن ماجہ: 3509، نیز دیکھیے صحیح البخاری: 5740. ③ صحیح البخاری: 3598،3356، صحیح مسلم: 2880 (7235).

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

«بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ» ''اللہ کے نام کے ساتھ اور اللہ سب سے بڑا ہے۔''①

استغفار اور توبہ کا بیان

① رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اے لوگو! اللہ کے حضور توبہ کرو، بلاشبہ میں ایک دن میں سو مرتبہ توبہ کرتا ہوں۔''②

② آپ نے فرمایا: جس شخص نے یہ کہا:

«أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِي لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ وَأَتُوبُ إِلَيْهِ» ''میں اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرتا ہوں کہ جس کے سوا کوئی معبود برحق نہیں وہ زندہ ہے اور (کائنات کو) قائم کرنے والا ہے اور میں اسی کی طرف توبہ (رجوع) کرتا ہوں۔'' تو اللہ تعالیٰ اسے بخش دیتے ہیں، اگرچہ وہ میدان جہاد ہی سے فرار

① صحیح مسلم: 1967,1966 (5091,5090). ② صحیح مسلم: 2702 (6859).

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

www.KitaboSunnat.com

ہوا ہو۔“①

مختلف نیکیاں اور جامع آداب

نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ”جب رات کی تاریکی چھانے لگے“ یا آپ نے فرمایا: ”جب شام ہو جائے تو اپنے بچوں کو (گھروں میں) روک لو کیونکہ اس وقت شیطان پھیل جاتے ہیں اور جب ایک گھڑی گزر جائے تو انھیں چھوڑ دو اور اللہ تعالیٰ کا نام لے کر مشکیزے کا منہ باندھ دو اور اللہ کا نام لے کر اپنے برتن ڈھانپ دو خواہ ان پر کوئی چیز ہی رکھ دو اور اپنے چراغ بجھا دو۔“②

www.KitaboSunnat.com

① حسن، سنن أبي داود: 517، سنن الترمذي: 3577، المستدرك للحاكم: 1/117، 118 ح 2511 ② صحيح البخاري: 683، صحيح مسلم: 2012 (5246).

دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن

اَلدُّعَاءُ المقبُول المعروف بہ

اِسلامی وظائف

شیخ الحدیث مولانا عبدالسلام بستوی رحمۃ اللہ علیہ

تقدیم ونظر ثانی
محدث العصر حافظ زبیر علی زئی حفظہ اللہ

تخریج وتحقیق وتسہیل
حافظ ندیم ظہیر

نمایاں خصوصیات

- احادیث، دعاؤں اور اذکار کا اصل مصادر ومراجع سے تقابل وموازنہ۔
- وضاحت طلب مقامات پر حاشیے کے ذریعے سے تصریح۔
- بعض مقامات پر حاشیے کی صورت میں اضافہ۔
- کتاب میں وارد بعض تسامحات کی تصحیح۔
- تمام آثار وروایات کی مکمل تخریج۔
- صحت وسقم کے اعتبار سے ہر حدیث پر حکم۔
- قدیم وثقیل عبارات کو عام فہم اور جدید بنانے کی حتی الوسع کوشش کی گئی ہے۔

مکتبہ اسلامیہ
لاہور غزنی سٹریٹ اردو بازار 042-37244973 - 37232369
فیصل آباد بیسمنٹ سمٹ بینک کوتوالی روڈ 041-2631204-2641204